ابرِ عشق

انتخاب مقبول از کلام عاشق رسول ﷺ

جناب الحاج فقیر ابر شاہ وارثی

ابر اکیڈمی
دربار عالیہ وارثیہ
اشرف آباد معصوم شاہ روڈ ملتان

سفیرِ عشق

توصیف حیدر

تصوف بکس

سستا ہوٹل داتا دربار مارکیٹ لاہور   ارشد مارکیٹ جھنگ بازار فیصل آباد
03006674752.03007681230

سوانح حیات

اسم گرامی: الحاج حضرت ابر شاہ وارثی رحمتہ اللہ علیہ

القابات: سید الشعرا۔ ابر رحمت۔ شاعر اہلسنت۔ سرخیل نعت خواناں۔
فانی پنجاب۔ حسان پنجاب۔ مداح حبیب۔ عاشق رسول ﷺ

پیدائش: 1900ء میں جالندھر شہر میں پیدا ہوئے

والد محترم: والد محترم کا اسم گرامی خلیفہ مہر علی قادری
تخلیق مہر۔ مصنف جھوک مہر علی دی۔ تحفہ مہر علی۔ عشق محمدی۔
مجموعہ مہر۔ مہر روشن سروری۔ سی حرفیاں۔ باراں ماہ۔ وغیرہ وغیرہ

نمونہ کلام:

بھڑکی اگ ہے سینے بیمار دے
جاواں وچہ مدینے میں یار دے
جا کے وچہ بہار گلزار دے
گرد پھراں میں سخی دربار دے

دوسری جگہ فرماتے ہیں......

مہر علی مسکین دی عرض ہے

ساتھ عشق رسول دے غرض ہے

کلمہ پڑھنا رسول دا فرض ہے۔ ایہو عاشاں عشق دی طرز ہے۔

پھر ایک جگہ فرمایا......

سال باراں تو رو رو کے پیارے ہجر میں آپ کے ہیں گزارے

والدہ محترمہ: اسم گرامی رحمت بی بی نیک شعار اور تہجد گزار تھیں

حضرت حاجی اکمل شاہ وارثی رحمتہ اللہ علیہ کے ذریعہ داخل سلسلہ وارثیہ تھیں اور ان ہی کی تربیت یافتہ تھیں۔

وصال والد صاحب

حضرت ابر شاہ صاحب ابھی 9 سال ہی کے تھے کہ آپ کے والد صاحب کا انتقال ہو گیا۔ والدہ صاحبہ نے حضرت صاحب کی تربیت میں رزق حلال اور صدق مقال کا خاص خیال رکھا تھا کیونکہ آپ جانتی تھیں کہ

علم و حکمت زاید از رزق حلال عشق و رقت آید از رزق حلال ے

تعلیم

تعلیم ظاہری میں کسی مدرسے اور سکول میں تعلیم حاصل نہیں کر سکے تھے۔

امانت اور دیانت

آپ کے عزیز رشتے دار اپنی امانتیں آپ کے پاس رکھا کرتے تھے ہر آدمی کی امانت کے ساتھ اس کے نام کی پرچی رکھ دیتے تھے۔ ہر آدمی کی امانت الگ رکھتے تھے۔ اور عندالطلب اُسی وقت واپس کرتے تھے۔

مسلک

آپ کا مسلک مندرجہ ذیل رباعی سے ظاہر ہوتا ہے۔

ہے حمد ہزار ہزار اسنوں جہیڑا کسے دا جنیا تے جایا ای نہیں
تے درود اس ہستی پاک تائیں ڈٹھا جہدے وجود دا سایہ ای نہیں
چوہاں یاراں توں جان قربان میری ثانی ہور کوئی جہاں دا آبا ای نہیں
فدا حضرت دے ابر نواسیاں توں انت جہاں دے پائے دا پایا ای نہیں

ان چار مصرعوں میں آپ نے توحید و رسالت اور حضور کے

معجزوں کا اقرار کیا اور حضرت پر درود شریف پڑھنا اپنا فرض منصبی بتایا ہے۔اس کے بعد چاروں اصحاب کی مدح فرمانے کے بعد اپنے انتہائی عشق کا اظہار فرمایا اور اپنا عشق پنجتن پاک بیان کرنے کے بعد ان کے مرتبوں کا اقرار کیا ہے۔یعنی ابنیاء کرام۔صدیقین۔شہدائے عظام۔عظمت صحابہ کبار شجاعت شہیدان کربلا۔اولیاء اللہ کا قائل ہونا ثابت کیا ہے۔

نسبت

بانی سلسلہ عالیہ وارثیہ ۔قبلہ احرام پوشان تجرید۔کعبہ۔سرفروشاں توحید سلطان الفقراء۔تاجدار تسلیم و رضا۔مرد میدان۔منزل عشق۔عاشق ازلی۔معشوق بارگاہ لم یزلی۔۔دلبند زہرا۔جگر۔گوشہ علی۔سید الطرفین حاجی سید وارث علی شاہ قدس سرہ کے خوان نعمت کے پروردہ دست ید الٰہی کے صوری و معنوی خوبیوں سے آرستہ ظاہری خدو خال کی طرح باطنی حسن و جمال سے پراستہ۔عاشق جانباز۔معشوق دلنواز۔دست بدست جان بجان۔دل بدل۔دم بدم حضرت بیدم کے میکدہ سخن کے جام روح افزا سے بھرپور ہو کر حضرت ابر شاہ صاحب وارثی ابر رحمت بن کر برصغیر ہندوپاک پر چھا گئے اور قریہ بقریہ بستی بستی گلشن گلشن۔گوہر انوار احمدی برساتا رہا اور اسرار سرمدی کے پھول کھلاتا رہا۔

وارث کی کرامت سے بیدم کی عنایت سے

اے ابر تجھے حق نے یہ عزو شرف بخشا

آرزو تمنائے ولی

نہ ہے کشف و کرامت دی ہوس مینوں
نہ میں چاہناں ہاں کہ اولیائی مل جائے
نہ میں حور و قصور ہی لوڑنا ہاں
نہ میں چاہناں ہاں کہ خدائی مل جائے
ایہہ دی ہوس نہیں دلے دے وچہ میرے
کہ میرے نام دی جگ تے دہائی مل جائے
صرف ابر دی مولا ایہہ آرزو اے
کہ محمدؐ دے در دی گدائی مل جائے

واقعہ بیعت

ایک شخص نہایت حسین وجمیل نازک مزاج۔ حسن عشق کا دل دادہ۔ انگریز کے دور میں لارڈ صاحب کے دفتر میں ملازم۔ ایک مشاعرے میں حضرت بیدم شاہ صاحب وارثی کے کلام اور انداز بیان سے مجروح ہوکر

تڑپ اٹھا۔ حضرت بیدم تو چلے گئے مگر اپنے مجروح کو دیوانہ کر گئے۔ نوکری چھوڑ دی۔ بیوی چھوڑ دی۔ بیٹے کو چھوڑ دیا۔ سوٹ بوٹ چھوڑ دیا۔ سولہ ہیٹ چھوڑ دیا۔ نکٹائی چھوڑ دی۔ عین شباب میں حضرت بیدم کی نگاہ مست نے حیران کر کے چھوڑ دیا۔ یہ ہیں حضرت حیرت شاہ صاحب وارثی جن کے دم قدم کی بدولت حضرت بیدم عالمی جناب قدم رنجئہ پنجاب ہوئے اور جالندھر تشریف لائے اور حضرت حیرت نے ابر شاہ صاحب کو اس مجسمہ حسن و عشق کی زیارت کا شوق دلایا۔ جناب ابر دیکھتے ہی فریفتہ ہوگئے۔ یہ حضرت بیدم کی ہی جادو بھری آنکھوں کا اعجاز ہے۔ انہی کی والہانہ کرشمہ سازی کا انداز ہے کہ جنہیں آتا ہے اغیار کو اپنا کرنا اور جب حضرت ابر انکی جلوہ گاہ ناز میں پہنچے تو تجلی رخ روشن نے ان کے دل کی دنیا کا ہر اگ گوشہ منور کر دیا۔ نظر نظر سے ملی تھی کہ دل نشانہ تھا۔ قرار گھر میں نہ صحرا میں چین سے بیٹھے۔ ہمیں تو موت کا پیغام دل کا آتا تھا۔

ایک دو ملاقاتوں میں ایک دوسرے کے فریضۃ ہو گئے اور اپنی اپنی رام کہانیاں سنی اور سنائیں۔ سنی جو میری مصیبت کی داستان تو کہا پھر کہو یہ بڑے لطف کا فسانہ تھا۔ الغرض آپ نے اپنی والدہ محترمہ سے حضرت بیدم کی ملاقاتوں کا ذکر کیا اور انکے دست حق پرست پر بعیت ہونے کی

اجازت چاہی تو والدہ صاحبہ نے بیٹے کی بے چینی اور بے قراری کو دیکھ کر بنفس نفیس ساتھ چلنے کا فیصلہ کیا۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئیں جب آپ کو دیکھا تو چشمہ سراج المنبر کی ضیا پاشیوں سے بے تاب ہو کر قدم بوس ہوئیں اور بے ساختہ آپ کو بیعت ہونے کی اجازت دے دی۔ حضرت ابر شاہ صاحب جاتی دفعہ کچھ شرینی اور عطر پہلے ہی ساتھ لے گئے تھے اپ کی نذر کیا اور والدہ صاحبہ نے ایک روپیہ چاندی کا تبرک کے ساتھ پیش کیا آپ نے بیعت فرمانے کے بعد والدہ صاحبہ سے فرمایا یہ روپیہ آپ ہماری طرف سے خود رکھ لیں اور اپنا بیٹا ہمیں دے دیں اور اس طرح حضرت ابر ابر شاہ بنا دیئے گئے۔

ذرہ خورشید ہو قطرہ بنے دریا بیدم
جس پہ سرکار مدینہ کی عنایت ہو جائے

میں بیدم ماہی پایا۔ اوہدی صورت اللہ والی۔ میں دیکھ ہوئی متوالی بن پیتیاں نشہ چڑھایا۔ میں بیدم ماہی پایا۔ میں ابر ہاں اس دا برد نت یاد ہاں اسنو کردا۔ جنہیں راہ حق دا دکھلایا۔ جنہیں راہ حقدا دکھلایا بیعت ہوتے ہی قلب و روح میں ایک انقلاب برپا ہوا۔ دل و دماغ کی گرہیں کھلنے لگیں اور حد نظر تک نور کا ایک سمندر ٹھاٹھیں مارنے لگا۔ مکہ

شریف اور مدینہ منورہ کے محراب ومنبر سامنے نظر آنے لگے۔رخ ورخسار کی جگہ والضحیٰ مکھڑے اور واللیل زلفوں نے لے لی۔

اور بام یار۔گنبد خضرا میں بدل گیا اور قلم نے بھی اپنی چال بدل ڈالی نبی پاک کی زیارت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

نبی جی نے خواب چہ آ کے کملی نوں لٹیاں اللہ
مکھ والضحیٰ دکھلا کے کملی نوں لٹیا واللہ

عشق رسول پاک نے برق رفتاری سے دل و دماغ پر اپنا تسلط جمالیا اور آپ رات دن حضور کے تصور میں رہنے لگے۔دنیاومافیہا سے بے خبر ہجر رسول پاک میں ہروقت انکھیں پرنم رہنے لگیں-دوست احباب یہاں تک کہ بیوی بچوں کا مخیال تک بھی نہ رہا-آپ فرماتے ہیں......

ہو کملی والے دے غم وچہ کملی میں رو رونت آہیں مارنی آں
تاں لے لے نام اس دا پیارا پیارا میں سینے اپنے نوں پئی ٹھارنی آں
پھرن کلیجے چہ غمدی چھریاں تاں روندی دیاں اکھیاں کھریاں
آہن تے آ نوری تاج والے میں رات دنے ایہہ پکارنی آں

ہجر رسول پاک کا اندازہ کیجئے۔ابر کرم میں فرماتے ہیں۔

جاول مدینے والے نی کہاں میں دکھیاری کئی دن توں
کہیں ہجر چہ حضرت پھڑ کدی اے اک کرما ماری کئی دن توں
کوئی عیش آرام نہ سجدا اے وچو وچو کالجہ بھجدا اے
کسے پاسے نہ جی رجدا اے تک نی ہاں سواری کئی دن توں
کہیں جگدے اس طبیب تائیں سوہنے رب دے پاک حبیب تائیں
دیو شربت وصل غریب تائیں لگی ہجر بیماری کئی دن توں
بے زر بے پر بے چاری میں دکھاں تے درداں ماری میں
ہاں عاجز او گنہاری میں پئی کرساں زاری کئی دن توں
برہوں تھیں جلدا سینہ ایں ہو یا مشکل ہند وچہ جینا ایں
گیا بھل سب کھانا پینا ایں پھراں ماری ماری کئی دن توں
للہ بخشو پاک جمال شاہا کیتا ہجر نے مندڑا حال شاہا
ہویاں رو رو اکھیاں لال شاہا کراں انتظاری کئی دن توں
کدوں ویکھاں رب لے جاندا اے کدوں روضہ پاک دکھاندا اے
کدوں میری آس پو چاندا اے کراں ابر تیاری کئی دن توں

حضرت کے بیعت ہونے کے دوسرے سال ہی آپ کی
حالت زار عروج عشق میں اپنی انتہا کو پہنچ چکی تھی۔ ادھر حضرت بیدم شاہ

صاحب بھی آپ کی حالت سے آگاہ تھے۔ آپ تشریف لائے اور دیکھا کہ حضرت ابر شاہ صاحب کا عشق اپنے عروج پر ہے۔ آپ نے ابر شاہ صاحب کو نصف احرام عطا فرمادیا اور سب پیر بھائیوں کو ہدایت کر دی کہ ابر شاہ صاحب کو میری جگہ سمجھیں اور ان سے تربیت لیں جس وقت آپ کی احرام پوشی ہوئی جالندھر شہر اور گردونواح کے علاقوں کے اکثر سجادہ نشین۔ خلفا اور خطیب اور فقراء حاضر تھے۔ ایک عجیب سما تھا اور جو چادر آپ کو عطا کی گئی جگہ جگہ اس پر یا وارث کا چھاپا لگا ہوا تھا۔ جالندھر سے واپس دیوی شریف جاتے ہوئے حضرت بیدم شاہ صاحب نے فرمایا کہ بس اب ہمارا یہ آخری پھیرا ہے۔ اور یہ پیشین گوئی پوری ہوئی۔ واپسی کے کچھ ہی دنوں بعد 8 رمضان المبارک 1355ھ بمطابق 23 نومبر 1936ء کو آپ کے وصال کی خبر بجلی کی طرح گری اور ابر شاہ صاحب کا صدمے سے برا حال ہو گیا اور آپ کے آخری دیدار کے لئے بھی نہ جا سکے۔ اور رو رو کر آنکھیں سرخ رہنے لگیں اور بقول شاعر......

اشکوں میں رنگینی کیوں ہے اشک میرے رنگیں ہیں کیوں
غم سے جگر کا خون ہوا یا دل کا پھپھولا پھوٹ گیا
بیدم ان کے جاتے ہی کچھ ایسی حالت زار ہوئی
ضبط کی ہمت ٹوٹ گئی اور صبر کا دامن چھوٹ گیا

اور حضور بیدم شاہ صاحب کو شاید پہلے ہی سے معلوم تھا کہ ابر ساہ صاحب انکے اخری دیدار کو بھی نہ آسکیں گے۔ فرماتے ہیں۔

اور تو تربت بیکس پہ کوئی کیا روتا۔ ابر بھی آ کے میری خاک پہ گریاں نہ ہوا

حضرت بیدم شاہ صاحب کا سالانہ عرس مبارک پہلے اپنے مکان پر اور پھر ابر شاہ کے وصال کے بعد آپ کے مزار شریف پر باقاعدگی کے ساتھ منایا جاتا ہے۔

حالات

تقسیم ہند سے پہلے بہت کم محافل میلاد ہوا کرتی تھیں۔ اس کمی کو آپ نے محسوس کرتے ہوئے اس کو عام لوگوں میں رائج کرنے کا بیڑا اٹھایا۔ اور اس مقصد کے لئے اپنے گھر پر ہی نوچندی جمعرات کو محفل میلاد کرانا شروع کر دی اور یہ محفل میلاد اس قدر مشہور ہوئی کہ دور دراز بستیوں اور قریبی گاؤں سے لوگ بڑے شوق سے آپ کا کلام سننے کے لئے آنے لگے۔ آپ کے کلام کا سوز گداز اور طرز ادائیگی اس قدر دل نشین تھی کہ اس وقت کے بڑے بڑے شعراء اور استاد نعت خوان بھی داد دیئے بغیر نہ رہ سکتے تھے۔ اس وقت کے ایک استاد نعت خواں نے آپ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ شعر کہنے کو تو لڑکیاں بھی کہہ لیتی ہیں لیکن شعر کی ادائیگی تو کوئی

جناب ابر سے سیکھے۔ آپ تحت الحفظ میں شعر کہتے تھے اور آپ کے شعر بہت ہی سادہ الفاظ میں ہوتے تھے اور بہت جلد سننے والے کی سمجھ میں آ کر دل میں اتر جاتے تھے اور فوراً ایک روحانی کیفیت پیدا ہو جاتی تھی اور دل عشق نبی سے معمور ہو جاتے تھے۔ اس طرح اکثر لوگوں نے آپ کا کلام سننے کے لئے اپنے اپنے گھروں میں میلاد پاک کروانے شروع کر دیئے اور اس طرح شہر کے گرد بستیوں اور قصبوں میں آپ کو بلایا جانے لگا۔ آپ اپنے ساتھ دو چار خوش الحان نعت خواں بھی لے جاتے تھے۔ اکثر گاؤں کے لوگوں کو محفل میلاد کرانے کے طور طریقے سکھاتے تھے۔ دور دراز قصبوں میں جانے کے لئے سواری کا بھی انتظام نہ ہونے کی وجہ سے اکثر لوگ آپ کو گھوڑے پر یا سائیکل پر اور ریتلے علاقوں میں گڈوں پر لے جایا کرتے تھے۔

اس طرح آپ نے گھر گھر قریہ قریہ عشق نبی کی قندیلیں روشن کیں اور ساری زندگی یہی معمول رہا۔ اس طرح پورے پاکستان میں عشق رسول کی شمعیں روشن ہونے لگیں۔ آپ کے دیوان ابر رحمت میں تعارف کے طور پر بلبل گلستان سخن حضرت وزیر الدین صاحب آصف صابری جو کہ خود اردو اور فارسی کے استاد شعراء میں سے تھے لکھتے ہیں۔

حضرت ابر شاہ صاحب وارثی کی ذات بابرکت کسی تعارف کی محتاج نہیں کیونکہ جالندھر اور نواحات جالندھر میں بالخصوص اور سارے پنجاب میں بالعموم آپ کا شہرہ پھیلا ہوا ہے۔ آپ پنجابی زبان میں مشق سخن فرماتے ہیں یوں تو پنجابی سارے پنجاب میں بولی اور سمجھی جاتی ہے لیکن پنجاب کے بعض حصوں میں اس قسم کی پنجابی بھی رائج ہے۔ جسے عوام الناس سمجھنے سے عاری ہوتے ہیں۔ برعکس اس کے ابر شاہ صاحب کی شاعری اتنی سلیس اور عام فہم ہوتی ہے کہ عوام نہایت آسانی سے سمجھ لیتے ہیں۔ آپ کی شاعری کا آغاز سالہا سال گزرے ہو چکا تھا میرا اپنا خیال ہے کہ کشمیر ایجی ٹیشن سے بہت پہلے شاعری کے میدان میں قدم رکھ چکے تھے۔ تاہم اس وقت آپکا اتنا چرچا نہ تھا۔ جتنا کہ مداح سلطان مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم ہونے اور محبوب العارفین سراج الشعراء لسان طریقت مولانا بیدم شاہ صاحب بیدم وارثی قدس سرہ العزیز کی غلامی میں آنے کے بعد ہوا اور میرا تو کہنا یہ ہے کہ آپ اس وقت تک شاعر ہی نہیں ہوئے تھے۔ تاوقت کہ آپ کو جناب سراج الشعراء رحمتہ اللہ علیہ کی غلامی نصیب نہیں ہوئی تھی۔ یعنی جو کچھ بھی آپ کو حاصل ہوا وہ ان ہی کی خاک پا کی برکت سے حاصل ہوا۔ بقول

مولوی ہرگز نہ شد مولائے روم ۔ تا غلامے شمس تبریزی نہ شد

اور میں تو اس طرح سے کہتا ہوں۔

ابر شد ہرگز نہ یکتا در سخن ۔ تا غلامے بیدم عالی نہ شد

امید ہے کہ ہر وہ شخص جو کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پر ایمان رکھتا ہے۔ دلی ذوق وشوق سے اس مجموعہ کا خیر مقدم کرے گا۔ آخر میں یہ دعا کرتا ہوں کہ خدائے عزوجل حضرت کے کلام کو شہرت دوام عطا فرمائے۔

(آمین ثم آمین)۔ احقر العباد اصف صابری جالندھر شہر

مورخہ ۲۵ جمادی الثان ۱۳۶۱ھ

ایسے شخص کے حالات زندگی کیا لکھوں جس نے اپنی جوانی میں ہی کفن پہن لیا ہو۔ جو مرنے سے پہلے ہی مر گیا ہو۔ جو اپنی موجودگی میں اولاد کو یتیم کہتا ہوں۔ جس نے دنیا میں رہتے ہوئے بھی دنیا سے کنارہ کشی اختیار کر کے اپنی زندگی کا ہر ہر لمحہ یاد سلطان طیبہ کے لئے وقف کر دیا ہو۔ جس کا ہر ہر سانس ہجر رسول میں گزرا ہو۔ جس کے کلام سے سامعین کی جھولیاں حقیقی گوہر مقصود سے پُر ہو جاتی ہوں۔ جسکے دل آویز نغموں سے روح پر کیفیت طاری ہو جایا کرتی ہو۔ جس کی شاعری سے عاشقان مصطفٰے کے دلوں کے گوشے گوشے کو منور کر دیا ہو۔ جس کی زندگی نے لاکھوں مشتاقان رسول پیدا کر دیئے ہوں۔ ایسے شخص کی زندگی کے حالات کیا لکھوں جس نے مر کر بھی زندہ ہونا ثابت کر دیا ہو۔ ابر فردوس میں آپ کی سوانح حیات درج ہے وہاں ملاحظہ فرمائیں۔

وصال

1956ء میں حج کی سعادت عالیہ حاصل کرنے کے بعد آپ اکثر گوشہ نشین رہنے لگے۔ آپ ازلی بیمار عشق تو تھے ہی لیکن اس کے ساتھ ساتھ آپ کی بدنی بیماری نے بھی آپکو مجنوں سے بھی زیادہ نحیف ونزار بنا دیا تھا۔ ایک ایک پسلی چلتے ہوئے نظر آتی تھی۔ آپ کی رگ رگ ذکر ہو میں مصروف رہتی تھی۔ غذا چند لقمے رہ گئی تھی۔ ایک دن فرمانے لگے یار حج کے موقع پر خانہ کعبہ میں عرض کی یا مولا اب تو ہمت نہیں رہی۔ شاید میری عرض منظور ہوگئی ہے۔ محفلوں میں جانے کی سکت نہیں رہی۔'' آپ اتنے کمزور ہوگئے تھے کہ رفع حاجت کے لئے آپ کے بستر کے قریب ہی انتظام کرنا پڑا تھا۔ آپ بستر سے اتر کر زمین پر بیٹھ کر آہستہ آہستہ رفع حاجت کی جگہ پہنچتے اور کسی کا سہارا لینا آپ کو پسند نہیں تھا۔ ایک دن میں نے دیکھا کہ آپ بستر پر سیدھے لیٹے ہوئے ہیں اور سفید چادر سر سے پاؤں تک اوپر لے رکھی ہے میں چونکہ باہر سے آیا تھا آپ کو اس حالت میں دیکھا ایک دھچکا لگا آپ کے قریب کھڑے ہو کر سینے اور پیٹ کی طرف غور سے دیکھنے لگا کہ سانس آ رہی ہے یا نہیں۔ معلوم ہوا سانس نہیں

آرہی۔ دم بخود کھڑا ہو گیا۔ دیکھتا ہوں کہ ایک میز پر تھرماس رکھا ہوا ہے اور اس پر ایک چڑیا بالکل ساکت اور بے حس بیٹھی ہے کبھی چڑیا کو اور کبھی آپ کے پیٹ کی طرف دیکھتا تھا نہ تو چڑیا حرکت کرتی تھی اور نہیں آپ کی زندگی کے کوئی آثار نظر آتے تھے۔ اتنے میں باہر کے دروازے پر کسی نے دستک دی۔ میں نے جلدی سے جا کر دروازہ کھولا۔ کہ دوبارہ دستک ہونے سے آپ کہیں اُٹھ نہ جائیں۔ دروازہ کھولا باہر عصیم نعت خواں آپ کی عیادت کے لئے آیا تھا۔ میں نے کہا آپ سو رہے ہیں۔ وہ چلا گیا۔ واپس آیا تو آپ نے پوچھا کون تھا۔ میں نے بتا دیا اور جلدی سے تھرموس پر بیٹھی ہوئی چڑیا کی طرف یکھا مگر وہ تو وہاں نہیں تھی۔ اتنے میں آپ نے مجھ سے پوچھا تو کہاں چلا گیا تھا۔ تو نے وقت پر دوائی نہیں پلائی۔ دوائی آپ کو میں اپنے ہاتھ سے آپکے منہ میں ڈالا کرتا تھا۔ خیر دوائی پلانے کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر یہ سوچ رہا تھا کہ شاید آپ نے اپنی روح کو چڑیا بنا کر تھرموس پر بیٹھا دیا ہو کہ یہ دیکھنے کے لئے کہ روح کو بدن سے نکال کر واپس جسم میں داخل کیا جا سکتا ہے۔ پتہ نہیں یہ کیسا خیال تھا۔

آپ نے اپنے انتقال سے تقریباً 2 ماہ پہلے ہی بتانا شروع کر دیا تھا کہ ایک دن مجھ سے کہنے لگے کہ جب میں مر جاؤں۔ اتنا کہنا تھا کہ

میں رونے لگ گیا۔ آپ نے فرمایا یار میں مرنے تو نہیں لگا میں تو صرف
بتانا چاہتا ہوں کہ جب کو وارثی فقیر انتقال کر جاتا ہے تو اسکو کفن نہیں
پہناتے ہمارا یہ احرام کفن ہی ہوتا ہے۔ جس طرح ہم زندگی میں پہنتے ہیں
ایسے ہی پہنانا اور قبر ڈاٹ والی بنانا اور اس میں کھڑا ہو کر دیکھ لینا کہ جب قبر
میں حضور تشریف لائیں تو میں کھڑا ہو سکوں یہ نہ ہو کہ میں بے ادبوں میں
ہی مارا جاؤں اور زمین قبر کی زرخیز ہو۔ عام قبرستان میں دفن نہ کرنا اور یہ یاد
رکھو کہ عاشق کی لاش کو کوئی درند پرند نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اور دیوی شریف
سے آئی ہوئی چادر اور حضور بیدم شاہ صاحب والی چادر میرے ساتھ رکھ دینا۔

ایک رات بابا امام بخش سائیکلوں والے نے بابو نعمت علی وارثی
صاحب اور اس حقیر راقم الحروف کو باہر بلوایا اور سائیکلوں کے ایک ڈھیر کی
طرف اشارہ کر کے کہنے لگے کہ اس کو اس طرف لے جاؤ۔ آٹھ دس
سائیکل اور لوہے کے موٹے سنگل اور ان میں لگے ہوئے چاینا کے تالے
ایک اچھا خاصا وزن کیسے گھسیٹا جا سکتا تھا۔ مگر پھر بھی ہم گھسیٹ کر
قلعے کی موڑ تک لے گئے۔ جب تھک جاتے تو میں بابا جی سے کہتا کہ بابا جی
جو اصل بات ہے وہ بتاؤ۔ ہم آپ کی اس بات کو سمجھ نہیں سکتے ہیں۔ مگر آپ
اشارے سے بتاتے کہ ادھر لے جاؤ۔ حضرت صاحب کو دفن کرنے کے

بعد یہ بات سمجھ میں آئی کہ باباجی کا اشارہ یہ تھا کہ ابر شاہ صاحب کو بوہڑ گیٹ والے قبرستان کی طرف نہ لے جانا بلکہ دولت گیٹ کی طرف لے جانا۔ خیر رات کے چار بجے تک ہم سائیکل گھسیٹے رہے۔ تنگ آ کر ہم دونوں نے باباجی سے کہا ہماری سمجھ میں آپ کی بات نہیں آئی ہم جا کر سونے لگے ہیں اور سائیکلوں کو وہیں چھوڑ کر گھر آ کر لیٹ گئے ابھی چند منٹ ہی گزرے ہونگے کہ رونے دھونے کی آوازیں آنے لگیں۔ دوڑ کر گئے تو دیکھا کہ حضرت صاحب کا سر زمین پر اور دھڑ اور ٹانگیں چارپائی پر ہیں اور ہاتھ آگے کی طرف جیسے کسی کے قدموں پر ہاتھ اور سر رکھا ہو۔ معلوم ہوا کہ وقت آخر حضور ﷺ تشریف لائے ہیں۔ اور آپ تیزی سے قدم بوس ہوئے اور آپ کے قدموں میں جان جان والے کے سپر کر دی۔

تو آئے تجھے دیکھوں اور جاں سے گزر جاؤں
اس آس پہ زندہ ہے اب تک تیرا شیدائی

بابو نعمت علی صاحب اور میں نے آپ کو اٹھایا اور بستر پر لٹا کر ہاتھ پاؤں درست کئے منہ قبلہ رخ کیا اور کھلی ہوئی آنکھوں کو بند کر دیا۔ اس وقت سارا مکان گلاب کی خوشبو سے بھرپور تھا۔ 4 جولائی 1963ء کا دن تھا۔ صفر کی 11۔12 کی درمیانی رات اور صبح صادق کا وقت تھا۔

درکوئے تو عاشقان چناں جاں دہند کہ انجا ملک الموت نہ گنجد ہرگز
حیف درچشم زدن صحبت یار آخر شد۔ روئے گل سیر نہ ویدیم و بہار آخرشد
بحمد للہ کہ ان کے در پر نکلی جان سجدے میں جوڈوبا بھی تو بیڑا ساحل مقصود پر
اپنا۔ تقریباً دو دن تک آپ کو دفنایا نہیں گیا آپ کی وصیت کے مطابق قبر
کے لئے جگہ کی تلاش تھی۔ اسی دوران کچھ گھنٹے آپ کے چہرہ مبارک پر
انتظار اور حیرانی کی کیفیت کے آثار تھے۔ اس کے بعد چہرے پر مسکراہٹ
کھل اٹھی۔ اور ہر چھوٹے بڑے کو مسکراہٹ صاف نظر آتی تھی۔ جیسے کوئی
منزل مقصود پا کر مسکراتا ہے۔ یا پھر دوست اپنے دوست کو پا کر مسکراتا ہے۔
دوسرے دن 10 بجے کے قریب جنازہ اٹھانے لگے تو میں نے دیکھا کہ
آپ کی دونوں آنکھیں کھلی ہیں میں نے بے اختیار آپ کی پیشانی پر بوسہ
دیا۔ آپ کو دفنانے کے بعد مجھے خیال آیا کہ بابو نعمت علی وارثی صاحب نے
ہاتھ پاؤں درست کرنے کے بعد آنکھیں بند کر دی تھیں اور پھر مجھے یاد آیا
کہ حضرت مولانا سردار محمد صاحب محدث اعظم نے اسی طرح دائیں آنکھ
کھول کر دیکھا تھا۔ حضرت ابر شاہ صاحب نے مولانا سردار محمد صاحب کی
وفات کے متعلق مرثیہ میں بھی اس وبات کا ذکر کیا ہے۔ آپ نے دونوں
آنکھیں کھول کر یہ ثابت کر دیا کہ شہید عشق کبھی نہیں مرتے۔ جنازہ اٹھا کر

دروازے سے باہر نکلے تو دور سے سید شوکت حسین گیلانی صاحب۔ سجادہ نشین حضرت موسیٰ پاک شہید آ رہے ہیں۔ جنازہ رکھ کر آپ کو زیارت کرائی گئی۔ آپ کے چہرے پر مسکراہٹ دیکھ کر بے اختیار ان کے منہ سے نکلا کیوں نہ مسکرائیں۔ آپ غوث پاک کے عاشق تھے۔ اور عاشق رسول تھے۔ کیوں نہ مسکرائیں۔

جنازہ

حضرت ابر شاہ صاحب نے مجھ حقیر کو وصیت کی تھی کہ میرا جنازہ اول تو مولانا سردار محمدؒ صاحب کے خلیفہ جناب عبدالقادر صاحب پڑھائیں اگر وہ فیصل آباد سے نہ آ سکیں تو پھر جناب سید فتح شاہ صاحب شاہ دانا شہید والے جنازہ پڑھائیں۔ جناب عبدالقادر صاحب تو نہیں آ سکے مگر سید فتح شاہ صاحب اس وقت موجود تھے کیونکہ انکو وصیت کا ذکر کر دیا گیا تھا۔ جب سید فتح شاہ صاحب کو جنازہ پڑھانے کو کہا گیا تو آپ نے فرمایا کہ سید شوکت حسین گیلانی صاحب کی موجودگی میں جنازہ نہیں پڑھا سکتا۔ گیلانی صاحب جنازہ پڑھائیں۔ گیلانی صاحب نے فرمایا کہ وصیت آپ کے متعلق ہے اس لئے میں نہیں پڑھا سکتا۔ فتح شاہ صاحب نے فرمایا کہ میں آپ کو اجازت دیتا ہوں کہ آپ پڑھائیں۔ گیلانی صاحب نے

فتح شاہ صاحب سے کہا کہ پھر آپ میرے پیچھے کھڑے ہوں۔ اس طرح گیلانی صاحب نے جنازہ پڑھایا۔ یہ تھا ایک دوسرے کا احترام۔ آپ کو اشرف آباد کالونی میں ذاتی زرخرید زمین میں دفنایا گیا۔ آپ کی وفات کے تقریباً 2 سال اور 2 ماہ کے بعد طوفانی بارشوں کے باعث قبر میں پانی داخل ہونے کی وجہ سے قبر کو کھولنا پڑا۔ اور دنیا نے دیکھا کہ آپ کا جسم بالکل صحیح و سالم حالت میں پڑا ہے۔ آپ کے بازو اور ٹانگوں کو تھوڑا اوپر اٹھا کر دکھایا گیا اور سر کے نیچے ہاتھ رکھ کر حرکت دے کر دکھایا گیا۔ قبر میں حضرت صاحب کے پاؤں سے ذرا دور پانی کی نمی دیکھی گئی۔ کفن اور پھولوں کی تازگی دکھائی دیتی تھی اور آج بھی اکتوبر 2005ء تک سینکڑوں لوگ موجود ہیں جنہوں نے اپنی آنکھوں سے یہ نظارہ دیکھا۔ زندہ عشق نہ مرد است و نمیرد ہرگز لا یزالی بود ایں زندگی ولم یزدلی۔ ان نحی ونمیت ونحن الوارثون O

پسماندگان و دیگر احباب

آپ کی والدہ اور آپ کی زوجہ کا انتقال ہو چکا ہے۔ پانچ لڑکوں اور چار لڑکیوں میں سے آپ کے بڑے صاحب زادے محمد اشرف اور بڑی صاحبزادی محمودہ اور دوسری دو۔ کنیز فاطمہ اور اکبری بیگم بھی انتقال کر چکی ہیں۔ چوتھی بیٹی اختری بیگم اس حقیر کی زوجہ بفضل تعالیٰ حیات ہیں۔

صاحبزادوں میں محمد انعام وارث المعروف محمد اکرم وارثی، حاجی محمد افضل وارثی، حاجی محمد اجمل وارثی، حاجی محمد انور وارثی اللہ کے فضل وکرم سے بقید حیات ہیں۔ آپ کے تین بھائی اور ایک بہن تھی۔ عبدالغنی وارثی۔ محمد صدیق وارثی۔ غلام محمد وارثی۔ اور بہن وزیراں بی بی فوت ہو چکے ہیں۔ عبدالغنی صاحب کی اولاد بھی صاحب اولاد ہے۔ جناب محمد صدیق صاحب لاولد تھے اور جناب غلام محمد وارثی کی اولاد بھی صاحب اولاد ہے۔

راقم الحروف کے چھوٹے بھائی قیصر محمود وارثی نے اس کتاب کی تیاری میں ہر طرح سے تعاون کیا ہے۔ آپ کے دوست اور جگت چچا محمد رمضان صاحب قادری الوارثی صاحب آپ کے بچپن کے دوست تھے۔ انکی اولاد بھی صاحب اولاد ہے۔ اور دوسرے دوست جناب حاجی غلام محمد وارثی جو کہ محمد امین وارثی صاحب کے والد ہیں ماشاء اللہ حیات ہیں اور امین وارث صاحب کی زوجہ حضرت صاحب کی نواسی ہیں اور صاحب اولاد ہیں اور گوجرے میں جناب نور شاہ صاحب وارثی آپ سے دست بیعت اور صاحب احرام اور کامیاب فقیر تھے۔ ان کی اولاد نے سلسلہ کو قائم رکھا ہے۔ آپ کے پسندیدہ فقیر کامل نادر روزگار درویش۔ مجدد سلسلہ وارثیہ مرد

مجاہد صاحب عزم عظیم۔ عاشق رسول کریم۔ حضور حاجی قاضی عزت شاہ وارثی رحمتہ اللہ علیہ جن کا وصال 21 رجب بمطابق 7 ستمبر 200 کو ہوا حضرت ابر شاہ صاحب وارثی کی دور بین نگاہ نے قبلہ عزت شاہ صاحب کے مقام کو ایک نظر میں ہی بانپ لیا تھا اور زمانہ مرض الموت میں ہی اپنے خاندان کو اپنی اولاد اور روحانی اولاد کو آپ کے سپرد کر دیا تھا۔ قربان اس مرد شہید وفا کے جس نے اپنی ذمہ داری زندگی کے آخری لمحوں تک پوری فرمائی۔ اور ایک زمانہ اس بات کا گواہ ہے۔ جو مقام حضرت کی نگاہ میں اہل ملتان کا تھا وہ صرف حضرت ابر شاہ صاحب کی وجہ سے ہی تھا۔ ایک جگہ اپنے شفقت نامے میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''باقی رہا میرا ملتان شریف آنا جانا گرمی ہو یا سردی حضرت کی محبت کا سلسلہ ہے کسی دوسری ذات پہ احسان نہیں یہ تو میری اپنی ذاتی بات ہے۔ میں کسی کو خوش کرنے نہیں ملتان جاتا صرف حضرت ابر شاہ صاحب وارثی رحمتہ اللہ علیہ کی محبت تعلق کی وجہ ہے وہ جب مجبور کرتے ہیں ملتان حاضری کے لئے آنا پڑتا ہے آئندہ بھی یہی احوال رہے گا۔ کسی دوسرے کی وجہ میرا آنا جانا نہیں ہو سکتا۔'' اسی خط میں قبلہ ابر شاہ صاحب کے مقام کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ ''ہماری نظر میں ملتان دار الامان مدینۃ اولیا میں حضرت کا قیام صاحب ولایت کا ہے۔

اب بھی حضرت ثنائے رسول اللہ کا مقام محفوظ رکھتے ہیں۔ آپ کے آستانے پر حقیقت کو سامنے رکھنا پڑے گا۔ ایک خط میں حضرت صاحب کے متعلق تحریر فرماتے ہیں...... روحانیت ایک مخصوص قوت کا نام ہے جس کا تعلق محبت سے ہے یہ جس وجود میں نصیب ہو کر عطا ہوتی ہے اس کے اندر نشست و برخاست میں ایک انقلاب آجاتا ہے اور وہ انقلاب اتنا پھیلا کہ بعد از وصال لحد کے ذرات سے سوز و گداز کی آوازیں بلند ہوتے ہوئے سنائی دیتے ہیں اور یہی کیف آپ کے (راقم الحروف کے) قریب حضرت ابر شاہ صاحب وارثیؒ کے مزار مقدس کی کیفیات کا "توجہ فرماویں۔

حضرت عزت شاہ صاحب کی نوازشات

حضرت ابر شاہ صاحب کی قل خوانی سے شروع ہو کر آپ کے وصال تک محیط ہیں۔ جب آپ قل خوانی پر تشریف لائے تو اپنے ہمراہ لنگر کا سامان خورد نوش لے کر آئے تھے اور قل شریف گویا آپ کا پہلا عرس تھا۔ جس کی ابتداء آپ نے فرمائی۔ قبر مبارک کا سالم تعویز سنگ مرمر کا آپ نے بھیجا۔ مزار پاک کی بنیاد اپنے دست شفقت سے رکھی اور اس طرح

مزار شریف کی تعمیر کا سلسلہ آپ نے اپنے ذمہ کرم پر لیا اور پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ یہ مختصر بیان دریا کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف ہے۔ تفصیل اس اجمال کی انشاءاللہ عنقریب دوسرے موقع پر عرض کروں گا۔ خادم خاص کا لقب سلطان الفقرا جناب قبلہ عزت شاہ صاحب کا عطا کردہ ہے۔

خادم خاص

ڈاکٹر احسان وارث اثر وارثی

حمد

حمد احد دی کرنی جے بیان اے دل تے اک بار محمد دا نام لے لے
ایسے نام اندر حمداں ساریاں نے بس ایہ نام توں نال احترام لے لے
حمداں والے نوں چاہیں جے شاد کرنا تے محمد دے در دا گدا ہو جا
ابر خوشی حضور دی ایہد نے وچہ اے کہ چوہاں یاراں دے اکھاں تے گام لے لے

ولادت

بطرز:۔ یہ کس نے نگاہوں سے ساغر پلا کے خودی پر میری بخودی بن کے چھائے

خوشی ہر طرف گھر بہ گھر ہو رہی ہے فلک پر بھی رحمت کے بادل ہیں چھائے

کرو پیش مل کر درودوں کے گجرے کہ ہیں مصطفٰے آج دنیا میں آئے

فضائیں موافق ہوائیں موافق بہاریں موافق گھٹائیں موافق

کرم ہی کرم ہے کہ حق نے ہمارے ہیں برسوں کے سوئے مقدر جگائے

چمن سب ہیں مہکے شجر سب ہیں لہکے۔ وہ چٹکی ہیں کلیاں وہ بلبل ہیں چہکے

یہ رحمت کی ہر سو ہوا چل رہی ہے دلوں کے قدرت نے غنچے کھلائے

امیروں میں خوشیاں فقیروں میں خوشیاں اسیروں میں خوشیاں ظہیروں میں خوشیاں

کہ وہ خاتم الانبیاء بن کے رحمت زمانے میں ہیں آج تشریف لائے

گرا منہ کے بل لات منات ٹوٹا ہبل بھی ہوا چور عزہ بھی پھوٹا

ہوا سرد آتشکدہ اور شیطاں ہے روتا پہاڑوں میں منہ کو چھپائے

یہ ختم رسل ہیں یہ شمع سبل ہیں یہ باعث کل ہیں یہ وحدت کے گل ہیں

کرو جان قرباں اے ابران پر انہوں نے ہیں برسوں کے اجڑے بسائے

مائی حلیمہ

محمدؐ نوں جھولا جھلاوے حلیمہ
خوشی دے پئی گیت گاوے حلیمہ

کدی پلہ چک چک کے مکھڑے نوں ویکھے
کدی لوری دے دے سلاوے حلیمہ

محمدؐ دی دائی بنائی خدا نے
نہ جامے چہ پھلی سماوے حلیمہ

ہے گھر وچ میرے دونوں عالم دی دولت
ایہ کہہ کے تے لڈیاں او پاوے حلیمہ

ملی نہ کسے نوں جو نعمت اوہ پائی
شکر حق دا لکھ لکھ بجاوے حلیمہ

دل و جان تھیں پتلے اد نور دے توں
ہاں قربان بس ہندی جاوے حلیمہ

کدی تھا پڑے اللہ اللہ جی کہہ کے
کدی ابر پکھا پلا وے حلیمہ

دیگر ولادت

بطرز: ڈھلک ڈھلک وہیڑے آویں مینڈھے یارا

ہوئیاں نے جگ رشنیاں مینڈے یارا،

آون تیرے تھیں مینڈے پاک محمد

اُجڑی دنیا آن بسائی سب نے گھر گھر عید منائی

رحمتاں برکتاں آئیاں مینڈے یارا۔ آون تیرے تھیں مینڈے پاک محمد

تارے اُپروں فلک تمامی جھک جھک کے پئے دین اسلامی

قدرتاں رب دکھلائیاں مینڈے یارا۔ آون تیرتھیں مینڈے پاک محمد

دتا حکم جو خالق باری کرنے نوں تینڈی خدمتگاری

جنت تھیں حوراں آئیاں مینڈے یارا آون تیرے تھیں مینڈ پاک محمد

آئیاں نے باغاں وچ بہاراں کھلیاں ہر پاسے گلزاراں

رحمت جھڑیاں آلائیاں مینڈے یارا آون تیرے تھیں مینڈے پاک محمد

پائی رہائی کل اسیراں پلٹ دکھائیاں رب تقدیراں

لدیاں سبھنان نے پائیاں مینڈے یارا، آون تیرے تھیں مینڈے پاک محمد

بت خانے وچہ پئی ویرانی شیطاں نوں وی ہوئی حیرانی

دتیاں رورودوہائیاں مینڈے یارا۔ آون تیرے تھیں مینڈے پاک محمد

ملک فلک دے آن تمامی پڑھن درود تے دین سلامی

گرداں سب نے جھکائیاں مینڈے یارا۔ آون تیرے تھیں مینڈے پاک محمد

ابر کرم دے ہرسو چھائے چھم چھم چھم چھم مینہ برسائے

اُجڑیاں جھوکاں نے وسائیاں مینڈے یارا۔ آون تیرے تھیں پاک محمدؐ

تضمین درود شریف

بلغ اعلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

تیرے صدقے کمبل والیا دونوں جگ دیا رکھوالیا

نوری مکھ توں جس نوں دکھالیا ایہو ورد ہے اس نے پکالیا

بلغ اعلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ صلو علیہ و آلہ

گیا عرش تے جو توں پیا ریا تیرے اوپروں نور ستاریا
تن من سی حوراں نے واریا نالے سب نے سی ایہہ پکاریا
بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع وخصالہ صلو علیہ و آلہ

تیرے ناز رب ہے اٹھاوندا تینوں لاڈ تھیں ہے بلاوندا
جو کہیں توں سو ہے بناوندا تینوں نت درود پجاوندا
بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع وخصالہ صلو علیہ و آلہ

گیا وچ جو باغ نعیم دے توں محبوب رب کریم دے
آ آ کے نال تعظیم دے سی ایہ پڑھدے جھونکے نسیم دے
بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع وخصالہ صلو علیہ و آلہ

لو وسن ایہہ ابر دی التجا تینڈے در دا ہے ایہ شاہا گدا
ایہنوں وچ مدینے لو و بلا پڑھے روضے تے ایہہ صبح و مسا
بلغ العلےٰ بکمالہ کشف الدجےٰ بجمالہ
حسنت جمیع وخصالہ صلو علیہ و آلہ

کلمہ شریف

کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ
لا الہ الا اللہ محمد عربی رسول اللہ

ہے دو جگ دا مختار نبی کل نبیاں دا سردار نبی اتے دامت داغم خوار نبی
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

جنہوں عرش تے رب نے بلایا سی جبرائیل براق لیا سی جا کے پلک دیو چہ جو آیا سی
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

نبی معجزے عجب دکھائے نے سکے ڈھینگراں نوں پھل لائے نے بھلے بھلکے رستے پائے نے
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

نبی اچیاں شان والا اے جس کیتا جگ اجالا اے رحمت دا دو شالا اے
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

نبیوں نال نبی بے لاویں توں وچ دو جگ دے تر جانویں توں وچہ جنت ڈیرہ لاویں توں
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

لکھاں اجڑے آن بسائے نبی ڈبے بیڑے بنے لائے نبی تے غلام آزاد کرائے نبی
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

جبرائیل جہد ادبان ہوئے اتے عاشق خود رحمان ہوئے ساتھوں صفت کی اسدی بیان ہوئے
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

جو جند نبی تو وار گئے بن جنت دے مختار گئے خود تر گئے ہوراں تار گئے
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ

با نال محمد پیار میاں کر تن من جانثار میاں ایہہ کرے ابر پکار میاں
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ
کلمہ نبی دا پڑھ لے پیارے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

میرا سلام

برطرز:۔ تیرا غم رہے سلامت

طیبہ کے راہی پیارے میرا سلام کہنا
رگ رگ میری پکارے میرا سلام کہنا

درِ مصطفیٰ پہ جا کر قدموں میں سر جھکا کر
رو رو کے اے پیارے میرا سلام کہنا

تجھے دور سے نظر جو آئے وہ سبز گنبد
اور دلربا مینارے میرا سلام کہنا

آنکھوں سے چوم جالی وہ سہانی نور والی
حضرت کے جا دوارے میرا سلام کہنا

قدموں کو تیرے چوموں اور گرد تیرے گھوموں
جاؤں میں تجھ پہ وارے میرا سلام کہنا

بپتا میری سنانا کہیں بھول ہی نہ جانا
کر کر کے واں نظارے میرا سلام کہنا

روضے کے دائیں بائیں روضے کے آگے پیچھے

پھر پھر کے خوب سارے میرا سلام کہنا

ہوگا احسان تیرا، لے پیغام میرا

سن لے میرے یہ نعرے میرا سلام کہنا

تو مثال ابر رو کر اور دست بستہ ہو کر

جھک جھک کے اے پیارے میرا سلام کہنا

****

ایسا عشق وچہ کرتوں کمال حاصل کہ یار یار کردا خودتوں یار ہو جا

ہر جا اوسے نوں جان موجود پرتوں ذبح لادی نال تلوار ہوجا

ہو کے جذب اوہ قطریا وچہ دریا بس عین دریا بے کنار ہوجا

اپنے آپ نوں خاک وچہ وانگ دانے ابر میت کے بس گلزار ہوجا

شانِ پنجتن

دو جگ دے سب درباراں تھیں دربار ہے اعلیٰ پنجتن دا
اللہ دا چاہون والا اے ہر چاہون والا پنجتن دا

ہے شہر علوم نبی سرور اس شہر دا خاص در حیدرؓ
اک لختِ جگر دو نورِ نظر ہے شان نرالا پنجتن دا

ایہہ توڑ وکھاون زنجیراں ایہہ پلٹ دکھان تقدیراں
مخلوق کی بلکہ ہے شیدا خود حق تعالیٰ پنجتن دا

ہے ابتداء دوہاں جہاناں دی تاں کان ہے، ساریاں شاناندی
نزدیک خدا دے سبھناں تھیں ہے رتبہ بالا پنجتن دا

اس جگ تے بھی اس جگ تے بھی ہاں خاک تے بھی افلاک تے بھی
گلزاراں باراں وچ ہر سو ہے سب اجیالا پنجتن دا

ہوشیار جو ہن دیوانے ہن بن پیتیاں سب مستانے ہن
اک جھلک کدی دکھلا جاوے ہاں جے متوالہ پنجتن دا

جیہدا پنجتن نال پیار نہیں اوہدے کلمے دا کچھ اعتبار نہیں
اے ابرؔ ذرا قرآن وچوں پڑھ دیکھ توں حالا پنجتن دا

چار یار

ایہہ نام لیاں کھلے دل دی کلی
اُبو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ

ایہہ ہن نبی دے خاص ولی
ابو بکرؓ و عمر عثمانؓ و علیؓ

ایہہ تھم اسلام دے ہن چارے
اینہاں ڈبے بیڑے ہن تارے

ایہہ ہن کریندے بھلی و بھلی
اُبو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ

ایہہ صدق و عدل وچ ہن بالا
تے حیا و شجاعت وچ اعلیٰ

ایہہ کامل ہن وچ خفی و جلی
اُبو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ

اینہاں کوٹ کفر دے توڑے نے
اتے منہ کفار دے موڑے نے

رہے خلق خدانت در تے کھلی
اُبو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ

جو اینہاں دا جان نثار بنے
او خاص نبی دا یار بنے

ایہہ دس دے ہن جنت دی گلی
اُبو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ

بن ابر چوہاں دے در دا گدا
کر یاد چوہاں نوں صبح و مسا

اس ورد تھیں رحمت آوے چلی
اُبو بکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ

لکھدے

اے قلم محمدؐ دی شان اندر جو دی توں چاہیں سر جھکا لکھدے
لکھدے باعث ہر دوسرا چاہے ۔ چاہے توں ختم الانبیاء لکھدے
ابتدا لکھدے انتہا لکھدے مصطفےٰ لکھدے مجتبےٰ لکھدے
لکھدے شمس الضحیٰ بدر الدجا چاہے توں نور کبریا لکھدے
لکھدے دافع رنج وبلا چاہے ۔ چاہے شافع روز جزا لکھدے
رہنما لکھدے پیشوا لکھدے چاہے ڈبیاں دے ناخدا لکھدے
لکھدے شمع سبل یا مصدر کل چاہے منبع جودو سخا لکھدے
لکھدے عاشقاں دا مدعا چاہے۔ چاہے ابر حبیب خدا لکدھے

ولادت

کرو عرشیوں فرشیو خوشی سارے آمداج ختم الرسلین دی اے
آیا دکھیاں دے دکھ ونڈاوٴن والا تے مدد کرن والا ہر مسکین دے اے
اوہدے قدم مبارک دی نال برکت عزت فلک توں ودھ گئی زمین دی اے
ول فرش دے ابر ہے چلی اوندی ہاں مخلوق اج عرش برین دے اے

حبیب خدا آکھاں

کچھ سمجھ دے وچ نہیں آوندا اے کی میں آپ نوں خیر الورا آکھاں
احمد ۔حامد۔ محمد۔ محمود آکھاں یٰسین یا کہ طٰہٰ آکھاں
آکھاں جملہ ختم رسل شاہا یا کہ باعث ہر دوسرا آکھاں
ہاں رحیم آکھاں یا کریم آکھاں مصطفےٰ یا کہ مجتبےٰ آکھاں
راز حق یا شان خدا آکھاں یا کہ میں نور کبریا آکھاں
سبز گنبد دے آکھاں مقیم شاہا یا کہ زینت عرش علےٰ آکھاں
شرح روکدی اے جے خدا آکھاں عشق روکدا اے جدا آکھاں
اے پر حفیظ مراتب ایہہ رائے دیندا کہ ابر حبیب خدا آکھاں

****

